DGK-G2-11-19

گیارہویں کلاس 12019

اردو لازمی ، گروپ دوسرا

**حصہ معروضی**

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1- ایک حکمران کو کس بادشاہ کی شخصیت پیش نظر رکھنی چاہیے۔ (A) شہنشاہ عرب (B) خلیفہ عرب (C) سلطان عرب (D) سردار عرب

2- ولیم ڈراگن کہاں کا رہنے والا تھا؟ (A) آئس لینڈ کا (B) ہالینڈ کا (C) آئرلینڈ کا (D) فن لینڈ کا

3- قمر کو مدعو کیا۔ (A) بادشاہ نے (B) نواب نے (C) دوست نے (D) رئیس نے

4- وسطی ایشیا کے حملہ آور آتے ہیں۔ (A) لاہور سے (B) پشاور سے (C) دلی سے (D) یوپی سے

5- مرغیوں کی نسل میں اضافہ ہوتا ہے۔ (A) دو اور دو چار (B) دو اور دو بیس (C) دو اور دو چالیس (D) دو اور دو پچاس

6- طرفین تشبیہ ہیں۔ (A) وجہ شبہ اور حرف تشبیہ (B) حرف تشبیہ اور غرض تشبیہ (C) مشبہ اور مشبہ بہ (D) مشبہ اور حرف تشبیہ

7- مثل، جیسا، مانند کہلاتے ہیں۔ (A) سادہ حروف (B) حروف تاکید (C) حروف تشبیہ (D) حروف جار

8- استعارہ میں آتا ہے۔ (A) حروف تشبیہ (B) وجہ جامع (C) مشبہ (D) مشبہ بہ

9- بال ریشم کی طرح ملائم ہیں، میں "بال" ہے۔ (A) وجہ شبہ (B) مشبہ بہ (C) مشبہ (D) حروف تشبیہ

10- تلمیح کے لغوی معنی ہیں۔ (A) اشارہ کرنا (B) ادھار لینا (C) طلوع ہونا (D) یاد کرنا

11- غزل کے آخری شعر میں تخلص ہو تو اسے کس کہا جائے گا۔ (A) مقطع (B) آخری شعر (C) بیت الغزل (D) بیت

12- مطلع کی نشاندہی کریں۔ (A) اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا (B) تم مرے پاس ہوتے ہو گویا (C) مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے (D) جو برائی تھی میرے نام سے منسوب ہوئی

13- لفظ قافیہ کی جمع ہے۔ (A) قاف (B) اوقاف (C) قوافی (D) وقوف

14- ردیف کے الفاظ ہوتے ہیں۔ (A) مستقل (B) غیر مستقل (C) تبدیل (D) ترمیم

15- ردیف پوری غزل میں آتی ہے۔ (A) دو بار (B) تین بار (C) چار بار (D) بار بار

16- علاج ہوا لیکن مرض .................. (A) بڑھتا گیا (B) بڑھتی گئی (C) بڑھتی گئیں (D) بڑھتے گئے

17- اس کے منہ سے جھاگ نکل .................. (A) رہی تھی (B) رہے تھے (C) رہا تھا (D) رہتی تھی

18- قائد اعظم ............ فوٹو کہاں ہے؟ (A) کی (B) کا (C) کو (D) کیں

19- قلم گر کر ٹوٹ .................. (A) گئی (B) گیا (C) گئے (D) گئیں

20- ڈاکٹر نے زخم پر مرہم .................. (A) لگائی (B) لگاؤ (C) لگایا (D) لگائے

1)

3 (Obj) - 12019 - 80000 SEQUENCE - 1

ParhloPakistan.com

DGK-G2-11-19

اردو لازمی ، گروپ دوسرا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

## حصہ انشائیہ

سوال نمبر ۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

حکومت کا تو کیا رونا ، کہ وہ اک عارضی شے تھی نہیں دنیا کے آئینِ مسلّم سے کوئی چارا
مگر وہ علم کے موتی کتابیں اپنے آبا کی جو دیکھیں اُن کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سیپارا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

پھرے راہ سے وہ ، یہاں آتے آتے اجل مر رہی تو ، کہاں آتے آتے
نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی بہت دیر کی ، مہرباں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے چمن اُڑ گیا ، آندھیاں آتے آتے

سوال نمبر۳۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) ظرافت اور خوش طبعی ان کی جبلت میں داخل تھی مگر جس طرح ان کی اور باتوں میں بناوٹ نہ تھی اسی طرح ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق تصنع نہ تھا۔ تحریر میں، تقریر میں، بات چیت میں جو لطیفہ یا شوخی ان کو سوجھ جاتی تھی۔ اگرچہ کیسی ہی شرم و حجاب کی بات ہو ان سے ضبط نہ ہو سکتی تھی مگر ہر ایک امر کے بیان کرنے کا خدا نے ایسا سلیقہ دیا تھا کہ کوئی بات تہذیب کی حد سے متجاوز نہ ہونے پاتی تھی۔

(ب) عرض کیا " کچھ بھی ہو۔ میں گھر میں مرغیاں پالنے کا روادار نہیں۔ میرا راسخ عقیدہ ہے کہ ان کا صحیح مقام پیٹ اور پلیٹ ہے اور شاید......" " اس راسخ عقیدے میں میری طرف سے پتیلی کا اور اضافہ کر لیجیے " انھوں نے بات کاٹی۔ پھر عرض کیا " اور شاید یہی وجہ ہے کہ ہمارے ہاں کوئی مرغی عمرِ طبعی کو نہیں پہنچ پاتی۔ آپ نے خود دیکھا ہوگا کہ ہماری ضیافتوں میں میزبان کے اخلاص و ایثار کا اندازہ مرغیوں اور مہمانوں کی تعداد اور ان کے تناسب سے لگایا جاتا ہے "

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(الف) اپنی مدد آپ (ب) ابوالقاسم زہراوی

سوال نمبر۵۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم " تسلیم و رضا " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

سوال نمبر۶۔ دو دوستوں کے درمیان بے روزگاری کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۱۰

یا

سیرت النبی ﷺ پر منعقد ہونے والی تقریب کی روداد لکھیے

سوال نمبر۷۔ پرنسپل صاحب کے نام درخواست تحریر کیجیے جس میں ان سے تاریخی مقام کی سیر کے لیے اجازت کی گزارش کی گئی ہو۔ ۱۰

سوال نمبر۸۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ ۱۰ = ۲+۸

نظام کائنات پر غور کریں تو ہر چیز میں ایک ترتیب و آہنگ ، سلیقہ اور پابندی موجود ہے۔ سورج وقت پر طلوع اور وقت پر غروب ہوتا ہے۔ موسم وقت پر آتے اور بدلتے ہیں۔ درخت وقت پر پھل دیتے ہیں۔ فصلیں وقت پر اُگتی اور کٹتی ہیں۔ مرغانِ سحر کے چہچہے وقت کے پابند ہیں۔ چاند وقت پر نکلتا اور کرنیں بکھیرتا ہے لیکن افسوس انسان وقت کی قدر کرنا نہیں جانتا۔



ParhloPakistan.com